© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

☆ ڈگری، ڈگری ہوتی ہے۔ اصلی ہو یا جعلی، کوئی فرق نہیں پڑتا۔ (اسلم رئیسانی۔ بلوچستان)

● سیاست دان، سیاست دان ہوتا ہے۔ جھوٹا ہو یا سچا کوئی فرق نہیں پڑتا۔

☆ بہاول پور: ڈاکٹر نے بازو کے بجائے گردے کا آپریشن کر دیا۔ (ایک خبر)

● ”مریض“ کو دیکھ کے ڈاکٹر کے ایسے ہوش اڑے     کہ شراب سیخ پہ ڈالی ، کباب شیشے میں

☆ میڈیا کے خلاف ”خرمستی کرنے والا“ مستی خیل نہیں، کوئی اور ہے۔ (بابر اعوان)

● جعلی ڈگری والے الزام نہ لگائیں (پرویز رشید)

☆ سپریم کورٹ قبول، چیف جسٹس کو نہیں مانتے۔ (پارلیمانی سیکرٹری داخلہ)

● عربی کا محاورہ ہے کہ ”بارش سے بھاگا اور پرنالے کے نیچے کھڑا ہو گیا۔“

☆ جعلی ڈگری ہولڈر کو ۸۰ کوڑوں کی سزا اور دفعہ ۴۲۰ کے تحت ۴ سال قید ہو سکتی ہے۔ (شیر افگن نیازی)

● اک اتنی سی بات تھی جس پر ہر کوئی برہم ہو بیٹھا     سب اپنی اپنی کہتے تھے اور بول اٹھا دیوانہ بھی

☆ اسامہ اور ملا عمر پاکستان میں ہیں۔ پکڑا جائے۔ (ہیلری)

● ہیلری نے اسامہ کی پاکستان میں موجودگی بارے بات نہیں کی۔ (گیلانی وزیراعظم)

☆ غلط بیانی سے دو برس کے دوران ۵۱ کنٹینرز شراب منگوا کر پاکستانی میں فروخت کی گئی۔ (ایک خبر)

● عریانی، فحاشی، مہنگائی، پریشانی، دہشت گردی ایسی ہی حرامزادگیوں کا نتیجہ ہیں۔

☆ فرح دیبا، سہیل کامران، افشاں فاروق، آمنہ الفت کی ڈگریاں بھی جعلی قرار۔ (ایک خبر)

● وطن میں کلیاں ہیں یا پریاں قطار اندر قطار     اودے اودے، نیلے نیلے، پیلے پیلے، پیر ہیں

☆ بیٹی جنم دینے کا جرم۔ شوہر کا بیوی پر تشدد۔ گھر سے نکال دیا۔ (ایک خبر)

● ایک پہلو یہ بھی ہے آدمی کی تصویر کا

☆ بروقت فیصلے ہوتے تو آج سکینڈل سامنے نہ آتے۔ جعلی ڈگریوں کی ذمہ دار عدلیہ ہے۔ (وزیراعظم گیلانی)

● سوال یہ ہے کہ کیا ارکانِ اسمبلی نے دھوکا دہی کا ارتکاب نہیں کیا؟



© rasailojaraid.com